کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) بلوچستان اسمبلی کا اجلاس دو دن کے وقفے کے بعد آج سہ پہر تین بجے ہوگا جس میں جماعت اسلامی کے رکن ہدایت الرحمن بلوچ گبد بارڈر پر پینے کے صاف پانی، بجلی، انٹرنیٹ کی فراہمی اور رابطہ سڑکوں کی تعمیر کیلئے عملی اقدامات اٹھانے اور گبد بارڈر کو مکمل طور پر فعال کرنے، وومن پارلیمانی کاکس بلوچستان کی جانب سے بلوچستان کے ہر ڈویژنل ہیڈکوارٹر کی سطح پر خواتین کیلئے علیحدہ وومن ٹیکنیکل ایجوکیشن اینڈ ووکیشنل ٹریننگ انسٹیٹیوٹ کے قیام کو ترجیحی بنیادوں پر یقینی بنانے اور نیشنل پارٹی کے رحمت صالح بلوچ گڈانی ساحل سے لے کر گوادر جیوانی کو بحیرہ بلوچ کے نام سے منسوب کرنے سے متعلق قراردادیں پیش کریں گے۔ اجلاس میں بلوچستان نیشنل پارٹی (عوامی) کے رکن اسمبلی میر اسداللہ بلوچ پی بی 29 پنجگور کے لیے مالی سال 2024-25 کے ترقیاتی فنڈز جاری نہ کرنے اور رکن اسمبلی مولوی نوراللہ قلعہ سیف اللہ میں زمینوں کی الاٹمنٹ سے متعلق توجہ دلاؤ نوٹس پیش کریں گے جبکہ وزیر داخلہ بلوچستان لیویز فورس کا ترمیمی مسودہ قانون مصدرہ 2026 (مسودہ قانون نمبر 07 مصدرہ 2026) اور بلوچستان جیلوں اور قیدیوں کی اصلاحی سروس کا مسودہ قانون مصدرہ 2026 مسودہ قانون نمبر 08 مصدرہ 2026 کو منظوری کیلئے پیش کریں گے۔ وقفہ سوالات میں محکمہ پی اینڈ ڈی اور محکمہ کھیل سے متعلق سوالات کے جوابات دیئے جائیں گے۔

INTEKHAB QUETTA

## گوادر، چینی قونصلیٹ جنرل اسکالرشپ' 39 طلبہ میں ایوارڈ لیٹر تقسیم

### طلبہ محنت، نظم و ضبط اور تعلیمی کارکردگی کو شعار بنائیں' پروفیسر عبدالرزاق' قونصل جنرل سے اظہار تشکر

گوادر (آن لائن) جامعہ گوادر میں اسکالرشپ ایوارڈ لیٹرز کی تقسیم کی تقریب منعقد ہوئی اس موقع پر عوامی جمہوریہ چین کے قونصلیٹ جنرل اسکالرشپ مرحلہ دوم کے تحت

بقیہ نمبر 75 صفحہ 5 پر

منتخب ہونے والے 39 مستحق طلبہ میں ایوارڈ لیٹرز تقسیم کیے گئے۔ یہ لیٹرز وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر عبدالرزاق صابر اور پرو وائس چانسلر پروفیسر منظور احمد نے مشترکہ طور پر تقسیم کیے۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر عبدالرزاق صابر نے طلبہ کو ان کی کامیابی پر مبارکباد دی اور تلقین کی کہ وہ اس موقع سے بھرپور فائدہ اٹھائیں اور محنت، نظم و ضبط اور تعلیمی بہترین کارکردگی کو اپنا شعار بنائیں۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ اس نوعیت کے اقدامات مالی رکاوٹوں کو دور کرنے اور ایسے مستقبل کے قائدین کی تربیت میں اہم کردار ادا کرتے ہیں جو گوادر، بلوچستان اور پاکستان کی ترقی میں مؤثر کردار ادا کریں گے۔ انہوں نے عوامی جمہوریہ چین کے قونصلیٹ جنرل کا خطے میں تعلیم کے فروغ کے لیے مسلسل تعاون پر تہہ دل سے شکریہ ادا کیا اور کہا کہ یہ اقدام پاکستان اور چین کے درمیان دیرینہ شراکت داری اور گہری دوستی کی عکاسی کرتا ہے۔ پرو وائس چانسلر پروفیسر منظور احمد نے بھی شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے چینی قونصل جنرل یانگ یونڈونگ کا تعلیمی ترقی کے لئے مسلسل تعاون پر شکریہ ادا کیا۔

MASHRIQ QUETTA

# بلوچستان کی ترقی اور امن عوام کے تعاون سے مشروط ہے، آئی جی ایف سی

## طلباء و طالبات کی جانب سے عملی اور مثبت کردار ہی محفوظ بلوچستان اور خوشحال پاکستان کے لیے اہم سنگ میل ثابت ہوسکتا ہے

### جامعہ بی میں وی سی فیکلٹی اور انتظامیہ کی جانب سے معیاری تعلیم کے فروغ کی کاوشیں لائق تحسین ہیں، میجر جنرل عاطف مجتبیٰ

سبی (پ ر) آئی جی ایف سی بلوچستان (نارتھ) میجر جنرل عاطف مجتبیٰ نے میر چاکر خان رند یونیورسٹی سبی کا دورہ کیا۔ آئی جی ایف سی بلوچستان نارتھ نے یونیورسٹی کے مختلف شعبہ جات، تعلیمی ماحول، سہولیات اور طلبہ کے لیے کیے گئے اقدامات کا تفصیلی جائزہ لیا۔ آئی جی ایف سی بلوچستان نارتھ نے طلباء سے خطاب کے دوران طلباء کے عملی اور مثبت کردار کو محفوظ بلوچستان اور خوشحال پاکستان کے لیے اہم سنگ میل قرار دیا۔ انہوں نے وائس چانسلر، فیکلٹی اور انتظامیہ کی جانب سے معیاری تعلیم کے فروغ اور نوجوانوں کی بہتر تربیت کے لیے کی جانے والی .........

بقیہ 64 صفحہ نمبر 7 پر

کاوشوں کو بے حد سراہا۔ دریں اثناء ضلع جھل مگسی / شمالی بلوچستان میں آئی جی ایف سی بلوچستان (نارتھ) میجر جنرل محمد عاطف مجتبیٰ اور آئی جی پولیس کی سربراہی میں قبائلی عمائدین کے ساتھ ملاقات ہوئی۔ قبائلی عمائدین، ڈپٹی کمشنر جھل مگسی اور ضلعی افسران نے اس موقع پر شرکت کی اور امن و امان، ترقیاتی امور اور عوامی مسائل کے فوری حل پر تبادلہ خیال کیا گیا اس موقع پر آئی جی ایف سی نارتھ نے کہا کہ بلوچستان کی ترقی امن، اتحاد اور عوامی تعاون سے مشروط ہے

## فلائی جناح کا کوئٹہ سے لاہور کیلئے نئی پروازوں کا آغاز

### ہفتہ وار تین پروازیں آپریٹ ہونگی، مسافروں کو سہولت میسر آئیگی، ڈیکام

کوئٹہ (آن لائن) فلائی جناح نے کوئٹہ سے لاہور کے لیے نئی پروازوں کا آغاز کر دیا، کوئٹہ۔ لاہور روٹ پر ہفتہ وار تین پروازیں چلیں گی۔ کوئٹہ انٹرنیشنل ایئرپورٹ......

بقیہ 19 صفحہ نمبر 7 پر

انتظامیہ کے مطابق اس سے قبل اس روٹ پر صرف پاکستان انٹرنیشنل ایئرلائن (پی آئی اے) ہفتہ وار تین پروازیں چلا رہی تھی۔ فلائی جناح کی جانب سے نئی سروس کے آغاز کو کوئٹہ انٹرنیشنل ایئرپورٹ اور فلائی جناح انتظامیہ کے درمیان مسلسل رابطوں اور کوششوں کا نتیجہ قرار دیا گیا ہے۔

CamScanner

# جے آئی بلوچستان کو درپیش مسائل سے نکالنے کی صلاحیت رکھتی ہے

مولانا ہدایت الرحمن

## عوام جماعت اسلامی پر اعتماد کر کے شمولیت اختیار کریں انہیں امن، روزگار، ترقی فراہم کرنے کیلئے جدوجہد جاری ہے

صوبے بھر میں عوام کی جے آئی میں شمولیت اس بات کا واضح ثبوت ہے کہ لوگ فرسودہ اور ناکام نظام سے مایوس ہو چکے ہیں

کوئٹہ (آن لائن) امیر جماعت اسلامی بلوچستان ایم پی اے مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ نے کہا ہے کہ جماعت اسلامی بلوچستان کو درپیش مسائل، بدامنی، بے روزگاری اور پسماندگی سے نکالنے کی مکمل صلاحیت رکھتی ہے۔ عوام جماعت اسلامی پر اعتماد کر کے شمولیت اختیار کریں۔ عوام کو امن، روزگار، ترقی اور خوشحالی فراہم کرنے کے لیے جماعت اسلامی کی جدوجہد بھرپور انداز میں جاری ہے۔ صوبے بھر میں عوام خصوصاً نوجوانوں کی جوق در جوق جماعت اسلامی میں شمولیت اس بات کا واضح ثبوت ہے کہ لوگ فرسودہ اور ناکام سیاسی نظام سے مایوس ہو چکے ہیں......... بقیہ 50 صفحہ نمبر 7 پر

اور ایک دیانتدار و عوام دوست قیادت کی تلاش میں ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے جماعت اسلامی کوئٹہ کے زیر اہتمام کلی غلام رسول کسٹم سریاب میں منعقدہ ایک بڑے شمولیتی پروگرام سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر محمد عظیم کرد، سراج احمد پرکانی، سلمان شاہوانی اور شاہنواز رند کی قیادت میں کلی غلام رسول سریاب کے سینکڑوں افراد نے جماعت اسلامی کی قیادت اور پالیسیوں پر اعتماد کا اظہار کرتے ہوئے جماعت اسلامی میں شمولیت اختیار کی۔ تقریب میں امیر جماعت اسلامی کوئٹہ عبدالنعیم رند نے خصوصی شرکت کی جبکہ سردار شیر دل خان مینگل اور دیگر مقامی رہنماؤں نے بھی خطاب کیا۔ مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ نے کہا کہ جماعت اسلامی نے ہمیشہ اصولی، صاف اور خدمت پر مبنی سیاست کی ہے۔

# کوئٹہ کسٹم ویئر ہاؤس میں آتشزدگی کے متاثرین کو معاوضہ ادا کیا جائے

تاجر رہنما، ٹرانسپورٹرز

## اربوں روپے کا سامان جلانے کی تحقیقات کی جائیں، ملوث عناصر کو جوابدہ بنایا جائے، متاثرین کو معاوضہ ادا کیا جائے، عبدالرحیم کاکڑ

## ذمہ داران کے تعین کیلئے 8 تا 10 مئی لکپاس کسٹم ویئر ہاؤس میں ڈیوٹی دینے والوں کو معطل کر کے شفاف تحقیقات کی جائیں، نواب مینگل

## تاجران اور ٹرانسپورٹرز کے نقصانات کا تخمینہ لگا کر انہیں معاوضہ دینے کے ساتھ بحالی پیکج کا اعلان کیا جائے، حاجی ملک شاہ جمالدینی

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) مرکزی انجمن تاجران بلوچستان رجسٹرڈ کے صدر عبدالرحیم کاکڑ، آل پاکستان مزدا ٹرک گڈز ٹرانسپورٹ ایسوسی ایشن کے چیئرمین میر نواب مینگل، آل کوئٹہ تفتان رخشان ڈویژن بس یونین کے مرکزی صدر حاجی ملک شاہ جمالدینی سمیت......... بقیہ 37 صفحہ نمبر 7 پر

دیگر رہنماؤں نے حکومت سے لکپاس کسٹم ویئر ہاؤس میں آتشزدگی سے تاجروں، ٹرانسپورٹروں اور لوگوں کے تحویل میں لئے گئے اربوں روپے کے مال اور گاڑیوں کے جلنے کی تحقیقات کر کے اس میں ملوث عناصر کے خلاف مقدمہ درج کر کے کارروائی کرتے ہوئے متاثرین کو معاوضہ ادا کیا جائے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے بدھ کو کوئٹہ پریس کلب میں اپنے دیگر ساتھیوں عمران اللہ ترین، سعد اللہ اچکزئی سمیت دیگر بھی موجود تھے۔ انہوں نے کہا کہ لکپاس کسٹم ویئر ہاؤس میں آتشزدگی کا واقعہ قابل مذمت عمل ہے۔ جس میں سینکڑوں گاڑیاں اور ان میں لوڈ سمیت تحویل میں لیا گیا اربوں روپے کا سامان جس میں کوچز، ٹرک، بوزر، مزدا ٹرک، ٹینکر ٹرالر اور چھوٹی بڑی گاڑیاں شامل ہیں۔ واقعہ کی تحقیقات کر کے ذمہ دار عناصر کا تعین کیا جائے اور زیر التواء کا کیسز کو فوری طور پر نمٹایا جائے

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: INTEKHAB QUETTA

Bullet No. 3

Dated: 14 MAY 2026 Page No. 16


## کنانی واقعہ' مکران ہائیکورٹ بار کے زیراہتمام آج عدالتی بائیکاٹ ہوگا

### بے گناہ محنت کشوں کا قتل افسوسناک' مستقبل میں ایسے واقعات کی روک تھام ضروری ہے' ترجمان

تربت (نمائندہ انتخاب) مکران ہائی کورٹ بار ایسوسی ایشن نے کنانی واقعہ کے خلاف جمعرات 14 مئی کو مکران بھر میں عدالتی کارروائی کے بائیکاٹ کا اعلان کر دیا۔ ترجمان کے جاری کردہ بیان میں کہا گیا کہ مکران ہائی کورٹ بار ایسوسی ایشن کنانی میں پیش آنے والے افسوسناک واقعہ کی شدید الفاظ میں مذمت کرتی ہے، جس میں بے گناہ مزدوروں اور غریب افراد کی جانیں ضائع ہوئیں

بقیہ نمبر 56 صفحہ 5 پر

یہ واقعہ نہ صرف انسانیت کے خلاف جرم ہے بلکہ [illegible] ایک سنگین سوالیہ نشان ہے۔ بار ایسوسی ایشن اس بات پر گہری تشویش کا اظہار کرتی ہے کہ آئے روز ایسے واقعات رونما ہو رہے ہیں جن میں عام شہری خصوصاً محنت کش طبقہ عدم تحفظ کا شکار ہے۔ ایسے واقعات کی روک تھام اور ذمہ داروں کے خلاف سخت کارروائی وقت کی اہم ضرورت ہے۔ لہٰذا مکران ہائی کورٹ بار ایسوسی ایشن کی جانب سے کل بروز جمعرات کو اس واقعہ کے خلاف احتجاجاً مکران بھر میں عدالتی بائیکاٹ کا اعلان کیا جاتا ہے۔ اس بائیکاٹ کا مقصد متاثرہ خاندانوں سے اظہار یکجہتی اور [illegible] ہر قسم کے ظلم و ناانصافی کے خلاف خاموش نہیں رہ سکتی۔

## عوام کا جینا دوبھر' 28 ویں ترمیم کی سازشیں جاری ہیں' پشتونخوا میپ

### عید کے تیسرے روز چمن میں پارٹی چیئرمین محمود خان اچکزئی سمیت دیگر قائدین جلسے سے خطاب کرینگے' بیان

چمن (این این آئی) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے مرکزی بیان میں کہا گیا ہے کہ عید الاضحی کے تیسرے دن چمن ہائی سکول گراؤنڈ میں جلسہ صبح 9 بجے منعقد کیا جائے گا۔ جلسے سے

بقیہ نمبر 51 صفحہ 5 پر

پارٹی چیئرمین محمود خان اچکزئی اور مرکزی رہنما خطاب کرینگے۔ بیان میں کہا گیا کہ مسلط حکومت اور اس کی نام نہاد پارلیمنٹ نے آئین کی بنیادوں پر حملہ [illegible] 26، 27 ویں آئینی ترامیم [illegible] جمہوری نظام کے بعد اب 28 ویں آئینی ترمیم کی سازش جاری ہے اسی طرح مہنگائی اور بے روزگاری نے عوام کو جینا دوبھر کر دیا۔ بیان میں کہا گیا کہ دہشت گردی کی وارداتوں میں روز بروز اضافہ ہوتا جا رہا ہے۔ اس کے علاوہ مملکت کے نام پر [illegible] ان کے جنگلات، زرعی زمینوں، معدنی ذخائر پر قبضے جاری ہیں۔ دوسری جانب پشتون وطن کے [illegible] کے دروازے بند کئے جا رہے ہیں اور عوام کی قومی سیاسی جمہوری جدوجہد کو سبوتاژ کرنے کی سازشیں ہو رہی ہیں۔ ملک کی صورتحال روز بروز بگڑ رہی ہے۔ بیان میں کہا گیا کہ جلسہ میں پاکستان اور افغانستان کی کشیدہ صورتحال اور عوام کو درپیش مسائل پر بات ہوگی۔ چمن کی قوم دوست سیاسی جمہوری اور سیاسی جمہوری قوتوں سے جلسہ میں شرکت کی اپیل کرتے ہیں۔

Century Express Quetta

## حق اور انصاف کیلئے ہمیشہ آواز بلند کریں گے، بی این پی

### صحافی کے ساتھ توہین آمیز سلوک انسانی حقوق کی پامالی ہے، آغا حسن بلوچ

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان نیشنل پارٹی کے مرکزی انفارمیشن سیکرٹری سابق وفاقی وزیر ایڈووکیٹ سپریم کورٹ آغا حسن بلوچ نے صحافی مقبول جعفر کے ساتھ روا رکھے جانے والے غیر انسانی، توہین آمیز اور انتقامی رویے کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ یہ عمل نہ صرف آزادی صحافت پر کھلا حملہ ہے بلکہ آئین، قانون اور بنیادی انسانی حقوق کی بھی سنگین پامالی ہے۔ انہوں

(باقی صفحہ 5 نمبر 3)

نے کہا کہ سچ لکھنے اور بولنے والوں کو ہتھکڑیاں لگانا، جھوٹے مقدمات میں ملوث کرنا، جیلوں میں ڈالنا اور سرعام تذلیل کا نشانہ بنانا کسی بھی مہذب، جمہوری اور آئینی ریاست کے لیے لمحہ فکریہ ہے۔ آغا حسن بلوچ نے کہا کہ صحافی معاشرے کی آنکھ اور کان ہوتے ہیں، اور اگر صحافت کو دبانے کے لیے طاقت، جبر اور انتقام کا راستہ اختیار کیا جائے گا تو اس سے نہ صرف آزادی اظہار متاثر ہوگی بلکہ اداروں پر عوامی اعتماد بھی مجروح ہوگا۔ اختلاف رائے کو طاقت کے ذریعے دبانا آمریت کی علامت ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ انسانی حقوق کے علمبردار اداروں، وکلاء تنظیموں، صحافتی تنظیموں اور سول سوسائٹی کو اس کھلی زیادتی کے خلاف فوری آواز بلند کرنی چاہیے۔ بلوچستان نیشنل پارٹی ہر اس آواز کے ساتھ کھڑی رہے گی جو حق، سچ، انصاف اور انسانی وقار کے لیے بلند ہوگی، اور ہر قسم کے جبر، ناانصافی اور انسانی حقوق کی خلاف ورزی کے خلاف اپنی سیاسی و جمہوری جدوجہد جاری رکھے گی۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

ڈائریکٹوریٹ جنرل تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: INTEKHAB QUETTA

Bullet No 5 Dated: 14 MAY 2026 Page No. 19

# پسنی، چبوری کلانچ میں 500 ایکڑ سرکاری اراضی پر قبضے کا انکشاف

## جعلی کاغذات پر دستخط سے انکار پر تحصیلدار کا تبادلہ، ایک رکن صوبائی اسمبلی کی جانب سے مبینہ طور پر قبضہ مافیا کیخلاف کارروائی نہ کرنیکی ہدایت: ذرائع

پسنی (نمائندہ انتخاب) پسنی میں سرکاری اراضیات پر قبضہ کرنے والوں کے خلاف کارروائی کرنا تحصیلدار پسنی کو مہنگا پڑ گیا، چبواری کلانچ کے 500 ایکڑ کی جعلی دستاویزات بنا کر ان پر قبضہ کرنے کا انکشاف، بلوچستان اسمبلی کا ایک ممبر باقاعدہ ٹیلیفون کرکے قبضہ مافیا کے خلاف کارروائی نہ کرنے کے لیے دباؤ ڈالا ہے۔ ذرائع تفصیلات کے مطابق سرکاری اراضیات پر قبضہ کرنے والے نام نہاد قبضہ مافیا کے خلاف کارروائی کرنے والے تحصیلدار پسنی کو ان کے عہدے سے ہٹا دیا گیا ہے۔ یہ اقدام اس وقت سامنے آیا جب تحصیلدار پسنی نے سرکاری اراضیات پر قبضہ کے خلاف کارروائی کی۔ ذرائع کے مطابق اس سے قبل پسنی کے علاقے چبواری کلانچ کی 500 ایکڑ اراضی کے جعلی کاغذات بھی بنائے گئے اور ان پر دستخط کرنے کا کہا گیا جس پر تحصیلدار پسنی نے انکار کر دیا تھا۔ ذرائع کے مطابق تحصیلدار نے قبضہ مافیا کے خلاف سخت موقف اختیار کیا تھا جس کے نتیجے میں ان کا پسنی سے تبادلہ کر دیا گیا۔ ذرائع کے مطابق تحصیلدار پسنی نے چبواری کلانچ کی 500 ایکڑ اراضی کے متعلق پیش کیے گئے جعلی دستاویزات پر دستخط کرنے سے صاف انکار کر دیا تھا اور مبینہ طور پر یہ

بقیہ نمبر 19 صفحہ 5 پر

دستاویزات اراضی پر قبضہ کو قانونی شکل دینے کے لیے تیار کی گئی تھیں۔ تحصیلدار کی جانب سے دستخط نہ کرنا قبضہ مافیا کے لیے ایک بڑی رکاوٹ بنا جس کے نتیجے میں انہیں عہدے سے ہٹانے کی کارروائی عمل میں لائی گئی۔ ذرائع نے یہ بھی بتایا کہ پسنی میں ماہی گیر کالونی کے لیے 200 ایکڑ اراضی کے سرکاری دستاویزات میں ٹیمپرنگ کرنے کا انکشاف ہوا ہے۔ دستاویزات میں غیر قانونی طور پر 217 ایکڑ کر دیا گیا ہے اور یہ اضافی 17 ایکڑ اراضی کہاں سے آئی اور کن کن کے مفادات اس میں شامل ہیں اس کی تحقیقات کا مطالبہ زور پکڑ رہا ہے۔ مقامی شہریوں نے تحصیلدار کے تبادلے پر شدید تحفظات کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ اگر اراضی کے جعلی کاغذات پر دستخط نہ کرنے والے اور قبضہ مافیا کے خلاف کارروائی کرنے والے افسر کو ہی ہٹا دیا جائے گا تو پھر سرکاری زمینوں کو قبضہ مافیا سے بچانا ناممکن ہے۔

# پنجگور، لوڈشیڈنگ میں اضافہ، شدید گرمی میں شہری مشکلات کا شکار

## دن اور رات ملا کر صرف سات گھنٹے بجلی فراہم کی جا رہی ہے، معمولات زندگی متاثر

پنجگور (نمائندہ انتخاب) شدید گرمی کے موسم میں بجلی کی لوڈشیڈنگ میں اضافے نے شہریوں کی زندگی اجیرن بنا دی ہے۔ ذرائع کے مطابق دن اور رات ملا کر صرف سات گھنٹے بجلی فراہم کی جا رہی ہے، جس کے باعث عوام کو سخت پریشانی کا سامنا ہے۔ پنجگور سمیت مکران ڈویژن کو ایران سے بجلی کی فراہمی جاری ہے، تاہم اس کے باوجود سب سے زیادہ لوڈشیڈنگ ضلع پنجگور میں کی جا رہی ہے۔ شدید گرمی کے باعث شہریوں کی مشکلات میں مزید اضافہ ہو گیا ہے۔ دوسری جانب واپڈا حکام کا کہنا

بقیہ نمبر 4 صفحہ 5 پر

ہے کہ پنجگور کے صارفین پر کروڑوں روپے کے واجبات واجب الادا ہیں، جس کی وجہ سے لوڈشیڈنگ کی جا رہی ہے۔ حکام کے مطابق جب تک واجبات کی ادائیگی اور میٹرز کی تنصیب کا مسئلہ حل نہیں ہوتا، لوڈشیڈنگ کا سلسلہ جاری رہے گا۔ علاقے کے عوام نے منتخب نمائندوں سے اپیل کی ہے کہ پنجگور میں بجلی کے واجبات کے مسئلے کے حل کے لیے فوری اور موثر اقدامات کیے جائیں تاکہ شہریوں کو اس اذیت ناک صورتحال سے نجات دلائی جا سکے۔

# گڈانی کی سڑکیں ٹوٹ پھوٹ کا شکار، ٹرانسپورٹرز اور مسافروں کو پریشانی

گڈانی (پ ر) بلوچستان نیشنل پارٹی عوامی کے رہنما میر رحمت اللہ زہری، میر اسداللہ زہری نے کہا کہ تحصیل گڈانی میں روڈ ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہے صحت کی کوئی سہولت میسر نہیں ہے جس کی وجہ سے ماہیگیروں کو سخت پریشانی کا سامنا ہے علاقہ میں کئی سالوں سے پینے کے پانی کی قلت سرکاری ہسپتالوں میں علاج معالجہ و دوائیوں کا فقدان ہے سڑکیں خستہ حال اس وقت گڈانی کے ایک بہت بڑی آبادی سمندری لہروں کی زد میں ہے اور علاقہ میں بچاؤ بند نہ ہونے کی وجہ سے سمندری لہریں گھروں میں داخل ہو رہی ہے انہوں نے کہا مقامی حلقوں میں خدشہ ظاہر کیا جا رہا ہے کہ آنے والے دنوں میں سمندری لہریں ساحل قریب واقع آبادی کو شدید متاثر کر سکتی ہیں بارشوں کا موسم ہے گڈانی ندی کا پل بھی نامکمل ہے ماضی کی طرح بارشوں کے باعث اس بار بھی طغیانی سے شہر کا راستہ منقطع ہو سکتا ہے جس سے عوام شدید متاثر ہو سکتی ہے دوسری جانب نوجوانوں کی ایک بڑی تعداد بے روزگاری کی وجہ سے اذیت میں مبتلا ہیں مقامی صنعتوں میں سفارشی کلچر مضبوطی سے قائم ہے جس سے غریب بے روزگاروں میں مایوسی بڑھتی جا رہی ہے بجلی کی آئے روز آنکھ مچولی سے شدید گرمی میں عوام انتہائی تکلیف میں مبتلا ہیں یہ کہنا بجا ہوگا کہ ہم گڈانی والے دو سو سال ماضی سے بھی بدتر زندگی گزار رہے ہیں مقامی و صوبائی حکومت اس حوالے سے اپنا بھرپور کردار ادا کریں تاکہ گڈانی کے عوام کو ان کے بنیادی حقوق مل سکیں گڈانی کے عوام پر ترس کھائیں یہاں بھی انسان ہیں انہیں بھی زندگی جینے کا حق ہے۔

6 CLIPPING SERVICE 20
DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN
نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان
Daily: MEEZAN QUETTA
14 MAY 2026
Bullet No. No.

# چین پاک سفارتی تعلقات کے 75 سال مکمل!

یہ بات حقیقت پرمبنی ہے کہ چین اور پاک کی دوستی لازوال ہے۔ یہ دوستی ایک بڑی تاریخ رکھتی ہے چین پاکستان کا ایک عظیم دوست ملک ہے جو اس کے ساتھ ہر معاملے میں صف اول میں کھڑا رہتا ہے۔ پاکستان میں کوئی بھی مسئلہ جو جن میں قدرتی آفات، کسی خطرناک بیماری کا ہونا اور دیگر معاملات میں اس نے کبھی بھی پاکستان کا ساتھ نہیں چھوڑا۔ اس کے تعاون سے کئی اہم شاہراہیں تعمیر ہوئیں۔ اس دوستی کا ایک بہت بڑا عرصہ ہوگیا ہے۔ اس دوران پاکستان اور چین میں قائم ہونے والی ہر حکومت نے ایک دوسرے سے مکمل تعاون کا سلسلہ جاری رکھا جو قابل تعریف ہے۔ چین نے پاکستان میں ایک بہت بڑے منصوبے سی پیک سمیت دیگر منصوبوں میں سرمایہ کاری کی ہوئی ہے۔ سی پیک بہت ہی اہم منصوبہ ہے جس کا آغاز بلوچستان کے علاقے گوادر سے کیا گیا ہے جو کہ نہ صرف بلوچستان بلکہ پاکستان کے بہترین مفاد میں ہے۔ اس منصوبے میں نوجوانوں کی ایک بڑی تعداد کو روزگار کے مواقع میسر ہونگے جو کہ خصوصاً بلوچستان کے نوجوانوں کے لیے اچھا اقدام ہے۔

گزشتہ روز وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں چین پاک سفارتی تعلقات کے 75 سال مکمل ہونے پر پاکستان ڈیپ اور کلچرل ایکسپلوریشن سنٹر میں ایک تقریب کا انعقاد کیا گیا جس میں معزز شخصیات، سفارتکاروں اور مختلف شعبہ ہائے زندگی سے متعلق رکھنے والے افراد کی ایک بہت بڑی تعداد نے شرکت کی۔ گوادر پرو کے مطابق تقریب کا اہتمام چائنا اسٹیٹ کنسٹرکشن، انجینئرنگ کارپوریشن پاکستان برانچ، یو این آئی انٹرنیشنل اور آل پاکستان چائنا فرینڈ شپ ایسوسی ایشن نے مشترکہ طور پر کیا۔ اس موقع پر دہائیوں پر محیط سفارتی کامیابیوں کا جائزہ لیا گیا۔ ثقافتی ہم آہنگی کو فروغ اور دونوں ممالک کے درمیان دیرپا دوستی کے عزم کا اعادہ کیا گیا۔ تقریب کے مہمان خصوصی سابق وزیراعظم راجہ پرویز اشرف تھے جنہوں نے خطاب کرتے ہوئے چین پاکستان دوستی کے ارتقاء سے متعلق متاثر کن سفارتی واقعات بیان کئے یہ تعلق علاقائی اور عالمی تبدیلیوں کے باوجود ہر گزرتی دہائی کے ساتھ مزید مضبوط ہوا ہے۔ تقریب کے دوران سی پیک اور دوطرفہ تعاون کے تحت انفراسٹرکچر کی ترقی کی نمایاں کامیابیوں کو اجاگر کیا گیا۔

ہم سمجھتے ہیں کہ چین اور پاکستان کے سفارتی تعلقات کے 75 سال مکمل ایک قابل تعریف اقدام ہے جو اس بات کی غمازی کرتا ہے کہ دونوں ممالک کی یہ عظیم دوستی بے مثال ہے جو کئی دھائیوں پر محیط ہے اور دونوں ممالک نے اس عظیم دوستی کو قائم رکھ کر ایک تاریخی اقدام کیا ہے۔ اس سلسلے میں منعقد ہونے والی تقریب میں مہمان خصوصی سابق وزیراعظم راجہ پرویز اشرف کا اپنے خطاب میں جو چین پاکستان دوستی کے ارتقاء سے متعلق متاثر کن سفارتی واقعات کا بیان کرنا احسن اقدام اور دنیا کو دونوں ممالک کے عظیم دوستی بارے بتانا ہے۔

امید ہے کہ پاکستان اور چین کی یہ عظیم دوستی قائم ودائم رہے گی حالانکہ دشمن عناصر نے اس کو ختم کرنے کے لیے ہر ممکن کوشش کی ہیں لیکن دونوں ممالک کی قیادت نے اس تعلق کو قائم رکھا ہے جو کہ بلاشبہ قابل تعریف اقدام ہے۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: QUDRAT QUETTA

Bullet No 6 Dated: 14 MAY 2026 Page No 21

# فنی تعلیم اور ہنر مندی کا فروغ۔۔۔بلوچستان حکومت کا بڑا اقدام

بلوچستان جیسے پسماندہ مگر وسائل سے مالا مال صوبے کی ترقی کا راستہ صرف روایتی سرکاری ملازمتوں سے نہیں بلکہ جدید فنی تعلیم، ہنر مندی اور نوجوانوں کو عالمی معیار کی مہارتوں سے آراستہ کرنے سے ہو کر گزرتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی زیر صدارت بلوچستان ٹیکنیکل ایجوکیشنل اینڈ ووکیشنل ٹریننگ اتھارٹی (بی ٹی ای وی ٹی اے) کے دسویں اجلاس میں کیے گئے فیصلے نہایت اہم اور مستقبل کے حوالے سے امید افزا دکھائی دیتے ہیں۔ اس اجلاس میں ادارہ جاتی اصلاحات، جدید تقاضوں سے ہم آہنگ تربیتی نظام، نوجوانوں کے لیے مارکیٹ بیسڈ پروگرامز اور بیرون روزگار کے مواقع پر جو توجہ دی گئی، وہ دراصل بلوچستان کے معاشی اور سماجی مستقبل کی سمت متعین کرنے کی ایک سنجیدہ کوشش قرار دی جا سکتی ہے۔ بلوچستان ایک ایسا صوبہ ہے جہاں نوجوان آبادی کی بڑی تعداد موجود ہے مگر بدقسمتی سے تعلیم، فنی تربیت اور روزگار کے مواقع محدود ہونے کے باعث بے روزگاری اور مایوسی میں اضافہ ہوتا رہا ہے۔ اس صورتحال نے نہ صرف معاشی مسائل کو جنم دیا بلکہ سماجی بے چینی اور احساس محرومی کو بھی بڑھایا۔ ایسے حالات میں اگر حکومت فنی تعلیم اور ووکیشنل ٹریننگ کے شعبے کو ترجیح دے رہی ہے تو یہ ایک مثبت اور حقیقت پسندانہ سوچ کی عکاسی کرتا ہے۔ وزیر اعلیٰ کا یہ کہنا بالکل درست ہے کہ ہر فرد کو سرکاری ملازمت فراہم کرنا ممکن نہیں، اس لیے نوجوانوں کو ایسی مہارتیں دینا ضروری ہے جو انہیں خود کفیل بنا سکیں اور ملکی و بین الاقوامی مارکیٹ میں روزگار حاصل کرنے کے قابل بنائیں۔ اجلاس میں اوورسیز یوتھ ایمپلائمنٹ پروگرام کا جائزہ اور سست روی کا مظاہرہ کرنے والی فرم کے خلاف کارروائی کی ہدایت بھی انتہائی اہم پیش رفت ہے۔ بیرون ملک روزگار کے مواقع بلوچستان کے نوجوانوں کے لیے معاشی استحکام کا ایک مؤثر ذریعہ بن سکتے ہیں، لیکن اگر اس عمل میں غیر سنجیدگی، بدانتظامی یا معاہدوں کی خلاف ورزی شامل ہو تو اس سے نوجوانوں کا اعتماد مجروح ہوتا ہے۔ وزیر اعلیٰ کی جانب سے شکایات کے فوری ازالے اور ذمہ دار اداروں کے خلاف سخت کارروائی کی ہدایت اس امر کا اشارہ ہے کہ حکومت اس پروگرام کو محض نمائشی منصوبہ نہیں بلکہ عملی کامیابی بنانا چاہتی ہے۔ مجموعی طور پر وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی جانب سے فنی تعلیم، ہنر مندی اور نوجوانوں کے روزگار پر توجہ دینا ایک مثبت اور دور اندیش اقدام ہے۔ اگر حکومت سنجیدگی، شفافیت اور تسلسل کے ساتھ ان اصلاحات پر عمل درآمد یقینی بناتی ہے تو بلوچستان کے نوجوان نہ صرف صوبے بلکہ ملک کی ترقی میں بھی اہم کردار ادا کر سکتے ہیں۔ فنی تعلیم دراصل کسی بھی معاشرے کی معاشی خود مختاری اور پائیدار ترقی کی بنیاد ہوتی ہے، اور بلوچستان کے لیے یہی راستہ مستقبل میں استحکام، خوشحالی اور امید کی نئی منزلیں متعین کر سکتا ہے۔

CS CamScanner

6 CLIPPING SERVICE 22

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Balochistan News Quetta
14 MAY 2026
Page No

## ٹیکنیکی تعلیم وتربیت کے فروغ کی ضرورت اور وزیر اعلیٰ بلوچستان کا عزم

وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے صوبے میں فنی تعلیم وتربیت کے فروغ اور ہر فرد کو ملازمت فراہم کرنے کا عزم ظاہر کرتے ہوئے کہا ہے کہ نوجوانوں کو عالمی معیار کی مہارتیں فراہم کر کے انہیں بین الاقوامی مارکیٹ کی ضروریات سے ہم آہنگ کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ وہ گزشتہ روز بلوچستان ٹیکنیکل ایجوکیشنل اینڈ ووکیشنل ٹریننگ اتھارٹی بورڈ کے اجلاس سے خطاب کر رہے تھے۔ اجلاس میں نوجوانوں دور جدید کے تقاضوں سے ہم آہنگ تعلیم وتربیت کی فراہمی یقینی بنانے کے لئے مختلف اقدامات کا جائزہ لیا گیا اور اہم فیصلوں کی منظوری دگئی۔ اجلاس میں ماہرین کی مشاورت سے فنی تعلیم اور ہنر مندی کے فروغ کے لئے جامع اور قابلِ عمل پلان متعارف کرانے کا بھی فیصلہ کیا گیا اجلاس میں بلوچستان میں جاری اوورسیز یوتھ ایمپلائمنٹ پروگرام کا بھی جائزہ لیا گیا وزیر اعلیٰ بلوچستان نے پروگرام میں سست روی کا مظاہرہ کرنے والی فرمز کے خلاف کارروائی کا حکم دیتے ہوئے بیرون ملک بھجوائے گئے بعض نوجوانوں کو درپیش مسائل پر تشویش کا اظہار کیا انہوں نے شکایات کے فوری ازالے کیلئے موثر اقدامات اٹھانے اور معاہدوں کی خلاف ورزی کرنے والی فرمز کے خلاف سخت کارروائی کی ہدایت کی وزیر اعلیٰ نے ٹیکنیکل ایجوکیشن اور ووکیشنل ٹریننگ اتھارٹی کو ہدایت کی کہ ہنر مند نوجوانوں کے لئے ملکی وبین الاقوامی سطح پر روزگار کے مواقع بڑھانے کے اقدامات تیز کئے جائیں تاکہ بلوچستان کے نوجوان اپنی صلاحیتوں کے مطابق بہتر مستقبل حاصل کرسکیں۔ ہم وزیر اعلیٰ صاحب کے ہدایات واحکامات ان کے وژن اور عزم کو سراہتے ہیں امید ہے کہ ان کی ہدایات کو عملی بنایا جائے گا بی ٹیوٹا کے دسویں بورڈ اجلاس کا انعقاد بلاشبہ صوبے میں فنی وپیشہ ورانہ تعلیم کے مستقبل کے حوالے سے ایک اہم پیش رفت قرار دیا جا سکتا ہے۔ اس اجلاس میں ادارہ جاتی اصلاحات، مالی نظم ونسق، کارکردگی میں بہتری اور نوجوانوں کے لئے مارکیٹ بیسڈ ٹریننگ پروگرامز کے آغاز جیسے اہم فیصلے نہ صرف وقت کی ضرورت ہیں بلکہ بلوچستان جیسے صوبے میں روزگار کے بحران کے حل کی جانب ایک عملی قدم بھی ہیں۔ بلوچستان میں آبادی تیزی سے بڑھ رہی ہے، لیکن اس کے مقابلے میں روزگار کے مواقع محدود ہیں۔ روایتی تعلیم حاصل کرنے والے نوجوانوں کی بڑی تعداد ہر سال ڈگریاں لے کر عملی زندگی میں داخل تو ہوتی ہے مگر مارکیٹ کی ضروریات اور تعلیمی نظام کے درمیان وسیع خلا کی وجہ سے انہیں روزگار کے مواقع نہیں مل پاتے۔ یہی وجہ ہے کہ فنی تعلیم اور ہنر مندی کی تربیت آج کے دور میں محض ایک تعلیمی ضرورت نہیں بلکہ معاشی بقا کا ذریعہ بن چکی ہے۔ اجلاس میں وزیر اعلیٰ بلوچستان نے واضح طور پر اس حقیقت کی نشاندہی کی کہ ہر فرد کو سرکاری ملازمت فراہم کرنا ممکن نہیں۔ یہ ایک حقیقت پسندانہ مؤقف ہے جو عرصہ دراز سے نظر انداز کیا جاتا رہا ہے۔ وسائل اور بڑھتی ہوئی آبادی کے درمیان توازن قائم رکھنا ایک بڑا چیلنج ہے، اور یہی وجہ ہے کہ اب نوجوانوں کو روایتی ملازمتوں کے بجائے ہنر مند بنا کر خود روزگار اور بین الاقوامی مارکیٹ کے قابل بنانے کی پالیسی نافذ ہو چکی ہے۔ اجلاس میں جن اہم فیصلوں پر اتفاق کیا گیا ان میں سب سے نمایاں فنی اداروں کی جدید خطوط پر تنظیم نو اور مارکیٹ کی ضروریات کے مطابق ٹریننگ پروگرامز کا آغاز ہے۔ یہ ایک مثبت قدم ہے کیونکہ اگر فنی تعلیم کو صنعتی اور بین الاقوامی معیار سے ہم آہنگ نہ کیا جائے تو یہ محض رسمی تربیت تک محدود رہ جاتی ہے۔ دنیا بھر میں ٹیکنیکل ایجوکیشن کو معیشت کی ریڑھ کی ہڈی سمجھا جاتا ہے اور وہ ممالک جو اس شعبے میں آگے نکلے ہیں، انہوں نے نوجوانوں کو عملی مہارتیں دے کر ہی ترقی حاصل کی ہے۔ اجلاس میں اوورسیز یوتھ ایمپلائمنٹ پروگرام کا جائزہ لیا گیا اور اس میں سست روی پر اظہار تشویش کیا گیا بیرون ملک روزگار کے مواقع بلوچستان کے نوجوانوں کے لئے نہایت اہم ہیں، کیونکہ خلیجی ممالک اور دیگر خطوں میں ہنر مند افراد کی طلب مسلسل بڑھ رہی ہے۔ تاہم اس پروگرام میں شفافیت، میرٹ اور کارکردگی کا نہ ہونا اکثر نوجوانوں کے لئے مشکلات پیدا کرتا ہے۔ وزیر اعلیٰ کی جانب سے غیر فعال اور سست رفتار فرمز کے خلاف کارروائی کی ہدایت ایک درست اقدام ہے، کیونکہ ایسے پروگراموں کی ناکامی نہ صرف حکومتی پالیسی پر سوال اٹھاتی ہے بلکہ نوجوانوں کے اعتماد کو بھی متاثر کرتی ہے نوجوانوں کو صرف بیرون ملک بھجوانا ہی کافی نہیں بلکہ ان کی نگرانی، تحفظ اور حقوق کا خیال رکھنا بھی انتہائی ضروری ہے اگر اس نظام میں شفافیت اور سخت مانیٹرنگ کا نظام نافذ کر دیا جائے تو یہ پروگرام ہزاروں نوجوانوں کے لئے روزگار کا ذریعہ بن سکتا ہے۔ یہ حقیقت بھی نظر انداز نہیں کی جاسکتی کہ بلوچستان کا نوجوان نہ صرف باصلاحیت ہے بلکہ محنتی بھی ہے۔ مگر اسے مناسب مواقع، رہنمائی اور جدید تربیت کی ضرورت ہے۔ اگر اسے یہ سہولیات فراہم کر دی جائیں تو یہی نوجوان نہ صرف صوبے بلکہ ملک کی معیشت میں اہم کردار ادا کر سکتے ہیں۔ بی ٹیوٹا جیسے ادارے اگر محض اجلاسوں اور کاغذی فیصلوں تک محدود نہ رہیں بلکہ عملی طور پر میدان میں اتریں تو بلوچستان میں روزگار اور ترقی کا ایک نیا باب کھل سکتا ہے۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان کی جانب سے فنی تعلیم کے فروغ، ادارہ جاتی اصلاحات اور اوورسیز پروگرام کی بہتری کے لئے جو ہدایات دی گئی ہیں، وہ اگر درست طریقے سے نافذ کی جائیں تو یہ صوبے کے نوجوانوں کے لئے ایک روشن اور مستحکم مستقبل کی بنیاد بن سکتی ہیں۔ بلوچستان کو آج جس چیز کی سب سے زیادہ ضرورت ہے وہ وعدے نہیں بلکہ عمل ہے، اور اگر فنی تعلیم کے اس ایجنڈے کو سنجیدگی سے نافذ کر دیا جائے تو صوبے کی تعمیر وترقی اور خوشحالی کا عمل تیز تر ہوگا

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan Time Quetta

Bullet No. 6 Dated 14 MAY 2026 Page No. 23

# Development promises

The promise of prosperity for Balochistan has long been a staple of national political discourse, yet the chasm between official rhetoric and the lived reality of its people remains a stark indictment of past governance. Prime Minister Shehbaz Sharif, in a meeting on Tuesday with senior politicians and senators from the province, once again reiterated that the development and welfare of the people of Balochistan remain the federal government's top priority. While the Prime Minister correctly identified that the province is exceptionally rich in natural resources, the persistent question remains whether these words will finally translate into the practical, ground-level change that has eluded the region for decades. For too long, Balochistan has worn the heavy mantle of being Pakistan's most backward province a paradox of immense mineral wealth existing alongside extreme poverty and decaying infrastructure. The core of the grievance lies in the historical failure of successive governments to honor their grand claims. Despite being the geological heart of the nation's energy and mineral potential, Balochistan lags behind in every human development indicator. The province's highways, often described as lifelines, are frequently narrow, dangerous, and insufficient to support modern commerce. This lack of proper connectivity directly fuels the high unemployment rate, as local industries cannot take root without reliable access to markets. When the federal government speaks of ensuring the people benefit from their resources, it must account for the fact that many districts still lack the basic utilities that these very resources provide to the rest of the country. True development cannot be achieved through meetings and statements alone; it requires a fundamental shift from rhetoric to measurable action. The current administration's focus on the "future" of Balochistan must be grounded in the immediate "present" of its suffering masses. Providing relief means more than just high-level investment; it means creating a landscape where a local youth can find a job, where a farmer can transport his goods safely, and where the province's mineral wealth directly funds local schools and hospitals. If the federal government is to bridge the long-standing trust deficit, it must move beyond the cycle of promises and deliver a transparent, well-funded master plan that prioritizes the dignity and economic survival of every citizen in Balochistan. The time for empty claims has passed; the people now demand the practical steps necessary to turn their resource-rich land into a prosperous reality. Hopefully, this incumbent government will honor its promises and will do something for Balochistan practically.

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Baakhabar Quetta

Bullet No. 6 Dated: 14 MAY 2026 Page No. 24

# تربت شہر میں چار روزہ شاندار "جشن بہاراں فیسٹیول" کا انعقاد

**تحریر: چاکر بلوچ**

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے وژن کے تحت تربت شہر میں ضلعی انتظامیہ کے زیر اہتمام 28 اپریل سے یکم مئی تک منعقد ہونے والا چار روزہ "جشن بہاراں فیسٹیول" ایک کامیاب، رنگا رنگ اور یادگار ایونٹ ثابت ہوا، جس نے نہ صرف شہریوں کو تفریح کے بہترین مواقع فراہم کیے بلکہ نوجوانوں میں مثبت سرگرمیوں کے فروغ، ثقافتی اقدار کے تحفظ اور کھیلوں کے میدان میں صحت مند مقابلے کے رجحان کو بھی تقویت بخشی۔ فیسٹیول کے دوران شہر میں خوشی، جوش و خروش اور سماجی ہم آہنگی کا ایک خوبصورت ماحول دیکھنے میں آیا۔ مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد، نوجوانوں، بچوں اور خاندانوں نے بڑی تعداد میں شرکت کر کے اس فیسٹیول کو بھرپور کامیابی سے ہمکنار کیا۔ عوامی دلچسپی اور پرجوش شرکت اس بات کا ثبوت تھی کہ لوگ ایسے مثبت، صحت مند اور تفریحی پروگراموں کو بے حد پسند کرتے ہیں۔ فیسٹیول میں مختلف کھیلوں کے مقابلوں کا انعقاد کیا گیا جن میں فٹبال، والی بال، کرکٹ اور دیگر کھیل شامل تھے۔ ان مقابلوں میں مقامی کھلاڑیوں اور ٹیموں نے غیر معمولی جوش اور مہارت کا مظاہرہ کیا۔ کھیلوں کے میدانوں میں مقابلے کی فضا، کھلاڑیوں کا جذبہ اور شائقین کا ولولہ قابل دید رہا۔ خصوصاً فٹبال کے مقابلوں نے شائقین کی بھرپور توجہ حاصل کی جبکہ والی بال اور کرکٹ کے میچز میں بھی نوجوان کھلاڑیوں نے اپنی بہترین صلاحیتوں کا مظاہرہ کرتے ہوئے حاضرین سے خوب داد وصول کی۔ فیسٹیول کی نمایاں خصوصیت یہ تھی کہ اس میں کھیلوں کے ساتھ ساتھ ثقافتی سرگرمیوں کو بھی اہمیت دی گئی۔ مقامی ثقافت، روایات اور علاقائی شناخت کو اجاگر کرنے کے لیے مختلف پروگرامز منعقد کیے گئے، جنہوں نے نوجوان نسل کو اپنی تہذیب اور ثقافتی ورثے سے جوڑنے میں اہم کردار ادا کیا۔ ایسے ثقافتی اور تفریحی ایونٹس نہ صرف معاشرتی ہم آہنگی کو فروغ دیتے ہیں بلکہ علاقے کی مثبت شناخت کو بھی نمایاں کرتے ہیں۔ فیسٹیول کے دوران شہریوں کے لیے ایک پرامن، خوشگوار اور دوستانہ ماحول دیکھنے میں آیا۔ خاندانوں اور بچوں کی بڑی تعداد نے مختلف سرگرمیوں سے لطف اندوز ہو کر خوشی کا اظہار کیا۔ یہ منظر اس حقیقت کی عکاسی کرتا ہے کہ مثبت اور تعمیری سرگرمیاں معاشرے میں بھائی چارے، یکجہتی اور امن و آشتی کے فروغ میں اہم کردار ادا کرتی ہیں۔ ضلعی انتظامیہ کی جانب سے اس نوعیت کے عوامی اور تفریحی پروگراموں کا انعقاد ایک خوش آئند اقدام ہے، جو اس بات کی نشاندہی کرتا ہے کہ نوجوانوں کو صحت مند سرگرمیوں کی جانب راغب کرنے اور عوام کو معیاری تفریح فراہم کرنے کے لیے سنجیدہ کوششیں کی جا رہی ہیں۔ ایسے اقدامات عوام اور انتظامیہ کے درمیان اعتماد کو مضبوط بنانے کے ساتھ ساتھ معاشرتی ترقی کے لیے بھی سودمند ثابت ہوتے ہیں۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ مستقبل میں بھی اس طرح کے فیسٹیولز اور مثبت سرگرمیوں کا تسلسل برقرار رکھا جائے تاکہ نوجوان نسل کو اپنی صلاحیتوں کے اظہار، صحت مند تفریح اور سماجی روابط کے مزید مواقع میسر آ سکیں۔ مزید کھیلوں، ادبی و ثقافتی پروگراموں اور خاندانی تفریحی سرگرمیوں کو شامل کر کے ایسے ایونٹس کو مزید مؤثر اور جامع بنایا جا سکتا ہے۔ مجموعی طور پر "جشن بہاراں فیسٹیول" تربت شہر کے لیے ایک کامیاب اور یادگار تقریب ثابت ہوا، جس نے عوام کو تفریح فراہم کرنے کے ساتھ ساتھ کھیلوں، ثقافت، سماجی ہم آہنگی اور مثبت طرز زندگی کے فروغ میں بھی اہم کردار ادا کیا۔ ایسے تعمیری اقدامات کسی بھی معاشرے کی ترقی، خوشحالی اور مثبت شناخت کے لیے نہایت ضروری سمجھے جاتے ہیں۔

CamScanner